## سوال

نماز میں ایسی سورۃ کا حکم جس کی آخری آیت سجدہ ہو

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب امام نماز میں کوئی ایسی سورہ پڑھے ۔ جس کی آخری آیت سجدہ ہو تو وہ رکوع کے ساتھ کس طرح سجدہ کرے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز میں ایسی سورت کی قراءت بھی جائز ہے ۔ جس کی آخری آیت سجدہ ہو مثلا سورۃ العلق اور سورۃ النجم امام قراءت مکمل ہونے پر سجدہ کرے گا امام جب سجدے سے اٹھے تو اللہ اکبر کہے اگر کسی اور سورت کی قراءت کرنا چاہے تو وہ کر سکتا ہے ۔ قراءت کے بعد اللہ اکبر کہہ کر رکوع میں چلا جائے 'اگر منفرد ہے تو وہ اللہ اکبر کہہ کر کھڑا ہو جائے اور پھر رکوع میں جائے خواہ وہ مکمل سیدھا نہ بھی کھڑا ہو۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ

# ج1ص429

## محدث فتویٰ